SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر XXXIX مجریہ ۲۰۰۲

SINDH ORDINANCE NO.XXXIX OF 2002

سندھ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کی (تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات) (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۲

THE SINDH SPEAKER'S AND DEPUTY SPEAKER'S (SALARIES, ALLOWANCES AND PRIVILEGES) (AMENDMENT) ORDINANCE, 2002

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
۱۔ مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
۲۔ ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ نمبر VII کی دفعہ ۵ کی ترمیم
Amendment of Section 5 of Sindh Act VII of 1975
۳۔ ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ نمبر VII کی دفعہ ٦ کی ترمیم
Amendment of Section 6 of Sindh Act VII of 1975
۴۔ ۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ نمبر VII کی دفعہ ۱۰ کی ترمیم
Amendment of Section 10 of Sindh Act VII of 1975

سندھ آرڈیننس نمبر XXXIX مجریہ ۲۰۰۲

SINDH ORDINANCE NO.XXXIX OF 2002

سندھ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کی (تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات) (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۲

THE SINDH SPEAKER'S AND DEPUTY SPEAKER'S (SALARIES, ALLOWANCES AND PRIVILEGES) (AMENDMENT) ORDINANCE, 2002

[۲۱ اکتوبر ۲۰۰۲]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کی توسط سے سندھ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کی (تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۵ میں ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کی (تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۵ میں ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی ۱۴ اکتوبر ۱۹۹۹ والے اعلان کے تحت اور پرووِیزنل کانسٹی ٹیوشن آرڈر نمبر ۱ کے تحت معطل ہے؛

اور جیسا کہ سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ صورتحال میں فوری قدم اٹھانا ضروری ہے؛

لہٰذا اس لیئے، مندرجہ بالا اعلان اور پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن آرڈر کے ساتھ پڑھیں ۱۹۹۹ کا پرووِیزنل کانسٹیٹیوشن (ترمیم) آرڈر نمبر۔۹، اور اس سلسلے میں ملے ہوئے سارے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے بخوشی مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کی (تنخواہیں، الاؤنسز اور مراعات) (ترمیم) آرڈیننس، ۲۰۰۲ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۷۵ کے سندھ ایکٹ نمبر VII کی دفعہ ۵ کی ترمیم

Amendment of Section 5 of Sindh Act VII of 1975

۲۔ سندھ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کی (تنخواہیں،

الاؤنسز اور مراعات) ایکٹ، ۱۹۷۵ میں، جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ ایکٹ کہا جائے گا، اس کی دفعہ ۵ میں، الفاظ بیس ہزار دو سو پچاس روپے اور اٹھارہ ہزار" کے لیئے الفاظ "تیس ہزار اور پانچ سو ستائیس ہزار روپے" ترتیبوار متبادل ہوں گے۔

سندھ ایکٹ نمبر VII کی ۱۹۷۵ کے دفعہ ٦ کی ترمیم
Amendment of Section 6 of Sindh Act VII of 1975

۳۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ٦ میں، ذیلی دفعہ (۲) کے لیئے مندرجہ ذیل متبادل ہوگا:
"(۲) جہاں اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر کو سرکاری رہائش نہیں دی گئی یا وہ اپنے گھر یا خانگی گھر میں رہنے کو ترجیح دیتا ہے، تو اس کو ترتیبوار انتالیس ہزار اور پانچ سو روپے اور پینتیس ہزار روپے ماہانہ، اور اس کے علاوہ اسیمبلی کی پہلی مدت کے دوران مختلف اوقات پر دس مارچ ۱۹۸۵ کے بعد یا نئی اسیمبلی کے انتخابات کے بعد ساٹھ ہزار روپے فقط ایک مرتبہ جب وہ وزیر مقرر ہوا ہے یا اسپیکر منتخب ہوا ہے یا ڈپٹی اسپیکر منتخب ہوا ہے گھر دینے کے لیئے دیئے جائیں گے۔"۔

سندھ ایکٹ نمبر VII کی ۱۹۷۵ کے دفعہ ۱۰ کی ترمیم
Amendment of Section 10 of Sindh Act VII of 1975

۴۔ مذکورہ ایکٹ کی دفعہ ۱۰ کی ذیلی دفعہ (۱) میں، الفاظ "چار سو اور پچاس" کے لیئے الفاظ "پانچ سو اور پچاس" روپے متبادل ہوں گے۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا